DAR-UL-IFTA
Sharia in Business, Alflah Town, Sadiqabad
Disst. Rahim yar Khan,Pakistan

دارالافتاء

استفتاء

حضرت مفتی صاحب! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

ایک شخص نے اپنے گھر کے ایک کونے میں سبزی اگائی، اور وہ اسکو بذریعہ موٹر پانی دیتا ہے، کیا اس پر عشر لازم ہے یا نہیں؟

مستفتی: عبد اللہ (صادق آباد)

0305-1234567

دارالافتاء
فتویٰ نمبر 5/11
مورخہ ۱۴۴۰/۵/۸

الجواب حامدا و مصلیاً

رہائشی مکان کے صحن میں سبزیاں، پھلدار پودے یا درخت وغیرہ سے حاصل ہونے والی پیداوار پر عشر واجب نہیں، کیونکہ وہ مکان کے تابع ہیں اور رہائشی مکان میں عشر نہیں۔

فی الفتاویٰ الھندیہ کتاب الزکاۃ الباب السادس فی زکاۃ الثمار186/1

ولو کان فی دار رجل شجرۃ مثمرۃ لا عشر فیھا کذا فی شرح المجمع لابن الملک۔

وفی الشامیۃ کتاب الزکاۃ باب العشر331/2

ولا شیئَ فی دار رجل لان عمر رضی اللہ عنہ جعل المساکن عفواً وعلیہ اجماعُ الصحابۃ

والله سبحانه أعلم وعلمه أتم وأحكم.............................

آفاق زاہد

دار الافتاء صادق آباد

03/ جمادی الاولیٰ 1440ھ

10/ جنوری 2019ء

دستخط : مفتی محمد ابراہیم صاحب دامت برکاتہم

الجواب صحیح محمد ابراہیم
۱۴۴۰/۵/۸ھ

مفتی

دستخط : مفتی احسن عزیز صاحب دامت برکاتہم

الجواب صحیح
۱۴۴۰/۵/۳ھ

نائب مفتی

دستخط : مفتی طارق بشیر صاحب دامت برکاتہم

الجواب صحیح
طارق بشیر عفی عنہ
۱۴۴۰/۵/۳

نائب مفتی

نوٹ: ۱۔۔ جواب سوال کے مطابق ہے۔ صحت سوال کی ذمہ داری مستفتی پر ہے۔

۲۔۔ ادارہ کسی بھی قانونی وغیر قانونی کاروائی کی صورت میں کسی بھی قسم کا ذمہ دار نہیں اور نہ ہی فریق بنے گا۔

Scanned by CamScanner